1989ء سے مسلسل اشاعت | 27 مئی تا 2 جون 2022 | شمارہ نمبر 22 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genuine Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





BMG
بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 24 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی

رابطہ: 021-32632362-0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

ڈیزائننگ: سمیر انصاری

پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک ٹمبر مارکیٹ کراچی

A/c-No: 0102560271401l2960

IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے


# سندھ ہائی کورٹ: توہین عدالت پر چیف کلکٹر اور کلکٹر ویسٹ 31 مئی کو طلب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سندھ ہائی کورٹ نے ایم یونس اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کی درخواست پر چیف کلکٹر کسٹم اور کلکٹر (ویسٹ) کو توہین عدالت کے نوٹسز جاری کرتے ہوئے 31 مئی 2022 کو طلب کرلیا ہے۔ یہ کارروائی عقیل احمد ایڈووکیٹ کی جانب سے دائر کی گئی توہین عدالت کی درخواست پر کی گئی ہے جس میں کہا گیا تھا کہ کسٹم حکام بدستور عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کررہے ہیں اور میرے کلائنٹس پر جبری اضافی کسٹم ڈیوٹی کی ادائیگی کا مطالبہ کررہے ہیں۔ عقیل احمد ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا تھا کہ دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر (نیویا برانڈ) کی کلاسیفکیشن سے متعلق جاری ہونے والے پبلک نوٹس نمبر 01/2022 مورخہ 27 نومبر 2021 کو سندھ ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کالعدم کرچکی ہیں اور کسٹم حکام بدستور اس پر عملدرآمد پر اصرار کررہے ہیں اور عدالتی فیصلوں پر عملدرآمد سے گریز کررہے ہیں جبکہ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل پہلے ہی کسٹم افسران کے خلاف توہین عدالت کے سلسلے میں شوکاز نوٹسز جاری کرچکا ہے۔

# 270 درآمدی اشیاء کی ریگولیٹری ڈیوٹی میں اضافہ کی تجویز

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی حکومت نے 500 سے زائد اشیاء کی درآمد پر پابندی عائد کردی اور 270 درآمدی اشیاء پر ریگولیٹری ڈیوٹی میں اضافہ کیا جارہا ہے، ان اشیاء کی درآمد سے ماہانہ 41 کروڑ 60 لاکھ ڈالر خرچ آرہا تھا اور درآمدات سے ماہانہ ریونیو میں 35 ارب روپے کا نقصان ہورہا تھا، جن اشیاء پر پابندی لگائی گئی ہے ان میں سے کنزیومر پرائس انڈیکس میں 16 اشیاء شامل تھیں جبکہ جن اشیاء پر ریگولیٹری میں اضافہ کیا جارہا ہے ان میں 850 سی سی سے کم کی درآمدی گاڑیوں پر ریگولیٹری ڈیوٹی صفر سے بڑھا کر 20 فیصد، 850 سی سی سے ایک ہزار سی سی تک کی گاڑیوں پر 50 فیصد سے بڑھا کر 80 فیصد، ایک ہزار سی سی سے 1500 سی سی تک کی گاڑیوں پر 50 فیصد سے بڑھا کر 90 فیصد، 1500 سی سی سے 1800 سی سی پر 50 فیصد سے بڑھا کر 100 فیصد اور 1800 سی سی سے اوپر کی گاڑیوں پر 90 فیصد سے بڑھا کر ریگولیٹری ڈیوٹی 100 فیصد کرنے کے ساتھ 35 فیصد اضافی کسٹم ڈیوٹی عائد کی جائے گی، الیکٹرک گاڑیوں پر ریگولیٹری ڈیوٹی صفر سے بڑھا کر 15 سے 25 فیصد کی جارہی ہے، ان میں 50 کلوواٹ ہاور تک کی گاڑیوں پر 15 فیصد اور 50 کلوواٹ ہاور سے اوپر کی گاڑیوں پر 25 فیصد کی جائے گی، گاڑیوں کے پارٹس (ٹائر کے علاوہ) صفر سے بڑھا کر 15 اور 30 فیصد کی جائے گی، موبائل فون کے پارٹس (سی کے ڈی) پر 5 فیصد سے بڑھا کر 20 فیصد اور مکمل تیار موبائل سیٹ پر 300 روپے اور 22 ہزار روپے تک کی ریگولیٹری ڈیوٹی کو بڑھا کر 600 روپے سے 60 ہزار روپے کی جائے گی، درآمدی ٹائلز پر ریگولیٹری ڈیوٹی 20 فیصد سے بڑھا کر 40 فیصد، ٹائر پر صفر سے بڑھا کر 10 فیصد، 20 سے بڑھا کر 40 فیصد، مشینری اور گھریلو اشیاء پر 5 فیصد سے بڑھا کر 25 فیصد اور 25 فیصد والی بڑھا کر 50 فیصد کرنے کی تجویز ہے، جنرل پاور سیٹ پر ریگولیٹری ڈیوٹی 0 سے 10 فیصد کو بڑھا کر 30 فیصد، پولی پروپولین اور پولی مرز پر صفر سے بڑھا کر 5 فیصد، سٹیل (سکریپ) ویسلز پر 5 فیصد سے بڑھا کر 10 فیصد، الماریاں، بورڈ، کنڈکٹر اور دیگر اضافی کیپٹل گڈز پر 10 فیصد سے بڑھا کر 20 فیصد، کاغذ اور کاغذ بورڈ پر صفر سے بڑھا کر 5 فیصد اور 5 فیصد والی بڑھا کر 15 فیصد کردی جائے گی، فلیورڈ اور کنسنٹریٹس پر صفر فیصد سے بڑھا کر 10 فیصد، 20 فیصد سے بڑھا کر 40 فیصد کی جائے گی، ان درآمدی اشیاء کی درآمد سے 98 کروڑ 40 لاکھ ڈالر خرچ آتے ہیں۔ وزارت تجارت نے پرتعیش اشیاء کی درآمد کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس کے تحت امپورٹ پالیسی آرڈر 2002 میں مزید ترمیم کرتے ہوئے 500 سے زائد اشیاء کی درآمد پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔

# 38 پرتعیش درآمدی اشیا پر پابندی کی فہرست

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی کابینہ نے غیرضروری اور پرتعیش اشیاء کی درآمد پر پابندی لگانے کی منظوری دیدی۔ وفاقی کابینہ سے وزارت تجارت کی سمری کی سرکولیشن کے ذریعے منظوری لی گئی۔ اس حوالے سے درآمد پر پابندی کا جلد نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ وفاقی حکومت نے جن اشیا کی درآمد پر پابندی عائد کی ہے ان میں موبائل فونز، ہوم اپلائنسز، گاڑیاں، سگریٹس اور چاکلیٹس سمیت 38 اشیا شامل ہیں۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری کی گئی فہرست کے مطابق جن اشیا کی درآمد پر پابندی عائد کی گئی ہے ان میں موبائل فونز، ہوم اپلائنسز، فروٹس اور ڈرائی فروٹس (ماسوائے افغانستان)، کراکری، نجی اسلحہ وایمونیشن، جوتے، فانوس اور لائٹنگ (ماسوائے انرجی سیورز)، ہیڈ فونز اور لاؤڈ اسپیکرز، ساسز اور کیچپ وغیرہ، دروازوں اور کھڑکیوں کے فریم، سفری بیگز اور سوٹ کیسز، سینٹری ویئر، مچھلی اور فروزن فش، کارپٹس (ماسوائے افغانستان)، پریزروڈ فروٹس، ٹشو پیپر، فرنیچر، شیمپو، آٹو موبائلز، کنفیکشنری، پرتعیش میٹرس اور سلیپنگ بیگز، جام اور جیلی، کارن فلیکس، باتھ روم ویئرز/ٹوائلٹریز، ہیٹرز/بلورز، سن گلاسز، کچن ویئر، ایریٹڈ واٹر، فروزن گوشت، جوسز، پاستہ وغیرہ، آئسکریم، سگریٹس، شیونگ کا سامان، چمڑے کے پرتعیش ملبوسات، میوزیکل آلات، سیلون آئٹمز جیسے ہیئر ڈرائرز وغیرہ اور چاکلیٹس شامل ہیں۔

## عابد محمود کا اپیما کے اراکین سے خطاب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ایڈوائزر برائے وفاقی ٹیکس محتسب ریجنل آفس عابد محمود 26 مئی کو دفتر ایسوسی ایشن میں اراکین سے خطاب کریں گے۔ جس میں انکم ٹیکس قوانین سے متعلق بریفنگ دیں گے۔ اس کے بعد وہ اراکین کے سوال کے جواب بھی دیں گے۔ سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس اور چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا صدارت کریں گے۔ تمام اراکین کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ٹشو جمبو رولز کی درآمد پر پابندی سے صنعتیں بند ہو جائیں گی۔محمد سلیم بیکیا

## ٹشو جمبو رولز ایک خام مال ہے اور اس کی صنعت حکومت کو بھاری ٹیکسز کے ساتھ ساتھ ہزاروں افراد کو روزگار فراہم کر رہی ہے۔فیڈریشن ہاؤس میں خطاب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) محمد سلیمان چاولہ، سینئر نائب صدر فیڈریشن نے 21 مئی 2022 کو SRO 598(1)/2022 کے تحت لگژری آئٹمز کی درآمد پر پابندی سے پیدا شدہ صورت حال پر لائحہ عمل مرتب کرنے کے لیے ایک ہنگامی اجلاس میں محمد انیس سینئر وائس چیئرمین، سلیم بیکیا سابق چیئرمین اور عثمان بیکیا آف بکیا انڈسٹری بھی شرکت کی۔ تاجروں، صنعت کاروں اور درآمد کنندگان کی بڑی تعداد زوم کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ اجلاس میں یہ بات نوٹ کی گئی کہ موجودہ معاشی صورتحال انتہائی خراب ہے اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا ریزرو 10 ارب ڈالر سے نیچے ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑھ رہا ہے، مہنگائی دو سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، روپے کی قدر میں کمی، 21 ارب سے زائد تیل کے بل، مہنگائی مارچ میں 12.7 فیصد سے بڑھ کر اپریل میں فیصد ہوگئی، تجارتی خسارہ 24 فیصد کم ہوگیا۔ میٹنگ میں تمام شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ 38 'غیر ضروری، لگژری اشیا' کی درآمد پر پابندی پاکستان کے بڑھتے ہوئے توازن ادائیگی کی رکاوٹوں پر نہ ہونے کے برابر اثر ڈالے گی۔ حالات کی وجہ سے ملک کے معاشی حالات کو کم کرنے کے لیے کچھ سخت اقدامات کی ضرورت ہے۔ محمد سلیم بکیا نے شرکاء کو بتایا کہ حکومت نے ٹشو پیپر کو پرتعیش سامان قرار دیا، یہ انتہائی افسوسناک ہے، صرف مقامی اسٹیک ہولڈر کی کاغذ کی پرچیپر ٹشو پیپر پر پابندی عائد کردی گئی، اس حقیقت کے باوجود کہ ٹشو پیپر ضروری اور ناگزیر اشیاء ہیں۔ ٹشو پیپر کی صنعت جمبو رولز میں ٹشو درآمد کرتی ہے جو اسے بکسز میں تبدیل کر کے، بھاری روزگار فراہم کرنے اور قومی خزانے کو ٹیکس دینے کا بنیادی خام مال ہے، اس بلا جواز پابندی کی وجہ سے ٹشو انڈسٹری بند ہونے جا رہی ہے۔ مزید یہ کہ 38 نام نہاد غیر ضروری، پرتعیش سامان کی درآمد پر پابندی کوئی خاص فرق نہیں پڑ رہا ہے تحت پابندی والی تمام اشیاء کو غیر ضروری یا لگژری آئٹمز کے طور پر درجہ بندی نہیں کیا جا سکتا۔ اس اقدام کی جس کی شناخت بہت سے لوگوں نے ممنوعہ درآمدات کے مقامی پروڈیوسروں کو بالواسطہ تحفظ کے طور پر کی ہے، اس کے نتیجے میں ان کے مقامی متبادل کی قیمتوں میں اضافے کی بھی توقع ہے، جس سے مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے ملک میں ان اشیاء کی سمگلنگ کی حوصلہ افزائی بھی ہوسکتی ہے۔

## درآمدات پر مال برداری اور انشورنس اخراجات میں 96.72 فیصد اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) درآمدات پر مال برداری اور انشورنس اخراجات میں جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 96.72 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس اخراجات کا حجم 2.282 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 96.72 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس اخراجات کا حجم 1.160 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ مارچ کے مہینہ میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کی مد میں 317.81 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ سال مارچ میں 162.46 ملین ڈالر تھا۔ مالی سال 2021 میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس اخراجات کا حجم 1.653 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔

# تاجر برادری تجارت کی نئی راہیں تلاش کرے، کورین سفیر

## کوریا پاکستان کا ایک قابل بھروسہ اور مضبوط پارٹنر ہے، سہیل نثار چیئرمین پاک کوریا بزنس کونسل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کوریا کے سفیر سو سانگ پیو نے دوطرفہ تجارتی تعلقات کو فروغ دینے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے دونوں ملکوں کی تاجر برادری پر زور دیا ہے کہ وہ ایک دوسرے کے ملکوں میں تجارت کی نئی راہیں تلاش کریں اس حوالے سے کورین سفارتخانہ بزنس ٹو بزنس میٹنگز کے انعقاد میں بھرپور معاونت کرے گا۔ یہ بات انہوں نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کی "پاکستان کوریا بزنس کونسل" کے کراچی کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ اجلاس میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں کوریا کے قونصل جنرل کم ہیک سنگ، چیئرمین پاکستان کوریا بزنس کونسل سہیل نثار، ڈائریکٹرز و ممبرز عابد نثار، حسن سہیل، ہلال آفریدی، سہیل عثمان، افتخار اشرف، مزمل سہیل، شہزاد اسلم، سلیم گوڈیل، بابر خان، نوید مظہر بھی شریک تھے۔ انہوں نے ایف پی سی سی آئی کی پاک کوریا بزنس کونسل کے چیئرمین سہیل نثار کی دونوں ملکوں کے مابین باہمی تجارت کو فروغ دینے کی کوششوں کو بھی سراہا اور اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ ایف پی سی سی آئی کی پاکستان کوریا بزنس کونسل کے 12 سالوں سے مسلسل چیئرمین سہیل نثار نے کہا کہ دنیا کی نویں بڑی معیشت کوریا پاکستان کا ایک قابل بھروسہ اور مضبوط پارٹنر ہے۔ کوریا پاکستان میں کم از کم ایک ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرنا چاہتا ہے اگر دونوں جانب سے باہمی تجارت کو فروغ دینے کی حقیقی صلاحیتوں کے مطابق کوششیں کی جائیں تو پاکستان اور کوریا کی معیشتوں کو نہ صرف زبردست فوائد حاصل ہوں گے۔

لاہور کی پیپر مل کو

مشین مین چائنہ کٹر H.S.C / C H M

اور ریم پیکنگ والے لڑکوں کی ضرورت ہے

برائے رابطہ:

WHATSAPP:0305-4778992,0300-4031013----EMAIL:msgtllc@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

## A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
## Brands

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ ISO 9001:2015 CERTIFIED

International Business Management

**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




IBM™

ISO 9001:2015 CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# کاغذ اور کاغذ بورڈ کی خرید وفروخت کے عمومی تجارتی قوانین

ترجمہ: علیم احمد

## بورڈ کی لمبائی چوڑائی میں تھی کی گنجائش

## ۳۔۲ ملی میٹر ہے

لیکن اگر کارخانے کے مالک نے اس طرح کا کوئی معاوضہ یا الاؤنس خریدار کو ادا نہیں کیا تو یہ رول خریدار ہی کی ملکیت رہے گا اور وہ کسی وقت بھی اس کی فراہمی یا واپسی کا مطالبہ کرسکتا ہے۔

کوئی رول اس وقت تک تلف نہیں کیا جائے گا جب تک خریدار نے تحریری طور پر ترتی کا مشورہ نہ دیا ہو۔

خریدار کے تقاضہ کردہ رول میں تبدیلی یا تبدیلیوں کی ذمہ داری بھی خریدار ہی پر ہوگی اور اس کا اضافی معاوضہ اصل ڈینڈی رول کی بنیاد کو مدنظر رکھتے ہوئے وصول کیا جائے گا۔

## ٹوٹ پھوٹ

## (Breakage):

کارخانے کے عمومی پیکجز توڑے نہیں جائیں گے۔

## بورڈز: قواعد کا اسکوپ

تمام اقسام کے بورڈز (علاوہ فائبر بلڈنگ بورڈ میٹر کی بورڈز اور بورڈ کی ایسی اقسام جو کاغذ کے اسکوپ کے تحت آتی ہوں) تہہ دار (Coated)! دوسری صورت میں 220 سے زائد کے مساوی لیکن بشمول کسی بھی گرامیج والے گرے پیپر ((GraeyPaper کے۔

## فروخت کی شرائط:

## بورڈ کی فروخت

(الف) وزن کے تحت ہوگی خواہ وہ چادریں ہوں یا ریلیں یا (ب) رقبے کے تحت ہوگی یا (ج) خریدار اور فروخت کنندہ کے باہمی متفقہ طریقے سے ہوگی۔

## (a) کوٹیشن (Quotation):

یہ طے شدہ امر ہے کہ کوٹیشنز اصل (Net) ہوں گی جن میں بیان کردہ پتے تک مال کی فراہمی کا معاوضہ بھی شامل ہوگا اور ان کا انتخاب کم از کم کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ مال پہنچانے کے لئے طریقے اور راستے کا انتخاب فروخت کنندہ کی صوابدید پر ہوگا۔

## (b) ادائیگی کی شرائط:

وہ اشیاء جن کی انوائس کینڈری مہینے کی آخری تاریخ تک کی گئی ہو ان کی ادائی اگلے مہینے میں کرنی ہوگی۔

### نوٹ

یہ آرٹیکل 1996 میں قسط وار شائع کیا گیا تھا جس کا حصہ دوم قارئین کے لئے پیش خدمت ہے، تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔
پانچویں قسط: مورخہ 27 مارچ تا 2 اپریل 1996، شمارہ نمبر 14
چھٹی قسط: مورخہ 3 تا 9 اپریل، شمارہ نمبر 15
ساتویں قسط: مورخہ 10 تا 16 اپریل، شمارہ نمبر 16
آٹھویں قسط: مورخہ 24 تا 30 اپریل، شمارہ نمبر 17/18

## (c) ڈلیوری (Delivery):

برطانیہ اور شمال آئرلینڈ میں ڈلیوری سے مراد خریدار کے گودام! اس کے کنسائنی Consigner کے گودام پر مال کی فراہمی تصور کی جائے گی۔

## (d) قابل معاوضہ وزن:

## ChargeableWeight

چادروں کے قابل معاوضہ وزن میں ان کی ضروری ریپنگ Wrapping کے میٹیریل کا وزن شامل ہوگا۔ ریلیوں میں بورڈز کا معاوضہ کی Gross بنیادوں پر لیا جائے گا جس میں ریپٹرز مرکزوں Centres اور پلگس (کے علاوہ لکڑی کے اور دھاتی مرکزوں کے) شامل ہوں گے جو نا قابل واپسی ہیں۔

## تیاری کے تغیرات:

## Manufacturing

## Variations

تیاری کے دوران گرامی اور موٹائی میں تغیرات کے لئے بورڈز کو مندرجہ ذیل جماعتوں Classes میں تقسیم کیا گیا ہے:

جماعت اول: نمبر دو وائٹ لائنڈ بورڈ اور اعلی معیارات جماعت دوم: دیگر تمام ورجن پلپ لائنڈ بورڈز بشمول کرانٹ اور کریم لائنڈ چپ بورڈ جماعت سوم: آن لائنڈ چپ بورڈ اور مائی معیارات بشمول براؤن لائنڈ چپ بورڈ بورڈ کی لمبائی چوڑائی (Dimensions) تغیر کی گنجائش کی حد میں جمع یا منفی 3 ملی میٹر مشین کے متوازی سمت میں اور جمع یا نفی 2 ملی میٹر، مشین کے عمودی Cross سمت میں ہونا چاہئے۔

بورڈ کے متصل کنارے ایک دوسرے سے 90 درجے کے زاویے پر ہوں اور اس زاویے میں تغیر کی گنجائش 0.003 ریڈینز (0 1 ڈگری 19 منٹ) ہے۔ اسے جانچنے کے لئے چادر کی ایک جانب کو بالکل سیدھی حوالہ جاتی دہار Refrence Edge Straight سے ملا کر رکھا جائے اور پھر اس حوالہ جاتی دھار کے ساتھ ساتھ سیدھی لکیریں کھینچی جائیں تو ان کے ملاپ کے مقام سے ایک میٹر کے فاصلے پر ان لکیروں کا کاغذ کے کنارے سے فاصلہ تین ملی میٹر سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔

## گرامیج:

گرامی کی قیمتیں نمونہ سازی sampling کے ان طریقوں کے مطابق حاصل کی جائیں گی جو ان قوانین میں بیان کئے گئے ہیں اور ان میں آرڈر کردہ قیمت values سے ذیل میں بیان کردہ حدود سے زیادہ فصد فرق یا تبدیلی (کم یا زیادہ نہیں ہونی چاہئے؟

کلاس 1.........5 فیصد
کلاس 2.........5 فیصد
کلاس 3.........7 فیصد

## موٹائی Thickness:

موٹائی کی قیمتیں نمونہ سازی کے ان طریقوں کے مطابق حاصل کی جائیں گی جو ان قوانین میں بیان کئے گئے ہیں اور ان میں آرڈر کردہ موٹائی سے ذیل میں بیان کردہ حدود سے زیادہ فیصد فرق یا تبدیلی کمی اور بیشی دونوں صورتوں میں نہیں ہونی چاہئے۔

وووووو

کلاس 1.........5 فیصد
کلاس 2.........7 فیصد
کلاس 3.........9 فیصد

تمام صورتوں میں تغیر کی یہ کم از کم گنجائش 25 مائیکرو میٹر ہے۔ گرامیج اور موٹائی میں تغیر کی صد کے لئے کنسائنمنٹ کے تحت آرڈر کردہ نمونے Speicimen کو انحراف کے تعین کے لئے والے کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔ 95 فیصد نمونہ جات کو گنجائش کی بیان کردہ حدود کے اندر ہونا چاہئے۔

نوٹ: ہر پلو (لین گرامی اور موٹائی میں گنجائش کے مطابق آرڈر کی تکمیل کے لئے تجزیہ کیا جائے گا اور ہر پہلو کو دوسرے سے آزادانہ طور پر جانچا جائے گا۔

## مقداری تغیر

## QuantitvVariation

کوئی آرڈر موزوں انداز میں تکمیل شدہ قرار پائے گا اگر Size اور وزن Weight کے حساب سے ذیل میں واضح کردہ حدود کے اندر ہوگا (یہ حدود وزن اور جسامت دونوں کے لئے ہیں) جس کا تعین آرڈر کردہ مقدار سے کیا جائے گا: (جاری ہے)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# نصف صدی میں پاکستانی روپے اور ڈالر کی قدر کا تقابلی جائزہ

لاہور (نیوز ڈیسک) تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ 50 سال میں پاکستانی روپے کی قدر ڈالر کے مقابلے 4100 فیصد کم ہوئی، پڑوسی ملک بھارت کا روپیہ گزشتہ نصف صدی کے دوران صرف 898.59 فیصد تک نیچے آیا ، پاکستانی روپے کی مساوات مئی 1972 میں صرف 4.76 روپے؛ 18 مئی 2022 کو 200 روپے ہوگئی ، اس کے برعکس مئی 1972 میں بھارتی روپے 7.57 سے 18 مئی 2022 کو 77.59 بھارتی روپے پر آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق تحقیق اور حساب ظاہر کرتے ہیں کہ طاقتور امریکی ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپے کی مساوات 4100 فیصد سے زیادہ خراب ہوگئی ہے جو ٹھیک 50 سال قبل مئی 1972 کو صرف 4.76 روپے تھی، جو 18 مئی 2022 کو 200 روپے تک پہنچ گئی جس کی وجہ سے ملک کی معاشی بدحالی بڑھ رہی ہے۔ اس کے برعکس پڑوسی ملک بھارت میں ملک کا روپیہ گزشتہ نصف صدی کے دوران صرف 898.59 فیصد گرا ہے جو کہ مئی 1972 میں بھارتی روپے 7.57 سے 18 مئی 2022 کو 77.59 بھارتی روپے پر ہے۔ شرح مبادلہ کسی بھی ملک کے میکرو اکنامک استحکام کے سب سے اہم ستونوں میں سے ایک ہے لیکن جس طرح سے بے لگام امریکی سرکاری کرنسی نوٹ (گرین بیک( نے کمزوروں کو متاثر کیا ہے اور کمزور پاکستانی روپیہ بلا نظیر ہے اور اب صورتحال ملک کے بیرونی قرضوں، درآمدی بل اور مالیاتی خسارے کے لیے خوفناک ہے۔ کم از کم 28 مئی 1998 کے نیوکلیئر ٹیسٹ کے بعد سے روپیہ امریکی کرنسی کے مقابلے میں خزاں کے پتوں کی طرح وزن اور قدر کم کر رہا ہے جب ملک میں فاریکس اکاؤنٹس ( 46 روپے فی ڈالر پر( منجمد کر دیے گئے تھے اور ملک کو ہر طرح کی بین الاقوامی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ ڈالر کی بے لگام پرواز اور ذخیرہ اندوزی نے پھر معاشی حکمت عملیوں کو مانیٹری اور ایکسچینج ریٹ پالیسیوں کے تابع بنا دیا۔ پیسے کو تنگ کرنے والی نظام سامنے آئے جس سے آج تک مہنگائی میں اضافہ ، عوامی قرضوں میں اضافہ اور بے قابو اور بے لگام قرضوں کی فراہمی کے اخراجات کو راہ ملی۔ ویسے جب سے سابق وزیر اعظم عمران خان کو 10 اپریل 2022 کو باہر کیا گیا ہے روپے اور ڈالر کی مساوات صرف 38 دنوں میں 13.72 روپے یا 7.37 فیصد کم ہو کر 186.28 روپے سے 200 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی( کی سابقہ حکومت کے 1333 دن کے دور میں، جس نے باضابطہ طور پر 18




اگست 2018 کو اس وقت چارج سنبھالا تھا جب عمران خان نے ملک کے 22 ویں وزیر اعظم کی حیثیت سے حلف اٹھایا تھا، امریکی ڈالر کے مقابلے پاکستانی روپے کی مساوات 50.23 فیصد کم ہو کر 124 روپے سے 186.28 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے( کراچی کی جانب سے پاکستان کی شرح مبادلہ کے نظاموں اور معیشت پر ان کے اثرات کے بارے میں 17-2 کی سابقہ بصیرت سے انکشاف ہوا کہ 1947 میں آزادی کے بعد پاکستان نے ایک فکسڈ ایکسچینج ریٹ کا نظام اپنایا۔ روپیہ اسٹرلنگ سے منسلک تھا اور 1949 میں اسٹرلنگ کی قدر میں کمی کی گئی جس کے بعد بھارتی روپے کی قدر میں کمی ہوئی۔ پاکستانی حکومت کو بھی کرنسی کی قدر میں کمی کے لیے دباؤ کا سامنا کرنا پڑا لیکن یہ دباؤ کے سامنے کھڑی رہی اور پاکستانی روپے کی قدر میں کمی نہیں کی جیسا کہ برآمدی آمدنی کافی محدود تھی اور قدر میں کمی سے نئی صنعتی معیشت کے لیے درکار مشینری اور سرمائے کے آلات کی درآمد زیادہ مہنگی ہو جاتی۔ تاہم اگست 1955 میں کورین جنگ کے عروج کے بعد پاکستان کو اپنی کرنسی کی قدر میں کمی کرنا پڑی جیسا کہ ملک دیگر عالمی معیشتوں کے ساتھ کساد بازاری کا شکار ہو گیا اور اسے زرمبادلہ کی شدید کمی کا سامنا کرنا پڑا۔ جیسے جیسے دنیاوی معاشی معاملات میں امریکی معیشت کا اثر بڑھتا گیا، پاکستان نے 17 ستمبر 1971 کو اپنی میخ اسٹرلنگ سے ڈالر میں ڈال دی۔ ریسرچ پیپر میں مزید کہا گیا ہے کہ فروری 1973 میں امریکی ڈالر کی قدر میں 10 فیصد کمی ہوئی جس کے نتیجے میں پاکستانی روپے کی قدر میں 10 فیصد تک 9.90 روپے فی ڈالر اضافہ ہوا اور 1982 میں منظم فلوٹ (کسی ملک کے پیسے کی قدر کو دوسرے مما لک کے پیسے کی قدر کے مطابق تبدیل کرنے کی اجازت ( کو اپنانے کے فیصلے تک یہ اس سطح پر قائم رہا۔ 1982-1973 تک مقررہ شرح مبادلہ کے نظام کے دوران قیمت کے فرق اور امریکی ڈالر اور دیگر بڑی کرنسیوں کی نقل و حرکت کے ساتھ حقیقی موثر شرح مبادلہ باہم مل کر منتقل ہوگئی۔ مسلسل کم افراط زر کے فرق، دوسری بڑی کرنسیوں کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر میں کمی کے باعث 1979-1976 کے دوران روپے نے حقیقی معنوں میں دوبارہ مسابقت حاصل کی۔ 1980 کی دہائی کے اوائل میں بڑی کرنسیوں کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر میں اضافے اور تجارتی شراکت داروں کے مقابلے میں زیادہ ملکی افراط زر کی وجہ سے حقیقی موثر شرح مبادلہ میں کافی حد تک اضافہ ہوا۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36
CB + CFB + CF CARD
Colour Cards
COPY PAPER A4
CHAND TRADERS
Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411
Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اسٹیٹ بینک نے اوکٹا ایف ایکس، ایزی فاریکس آف شور کمپنیوں پر پابندی عائد کردی

## ان کمپنیوں سے خریداری غیر قانونی ہے، عوام ہوشیار رہیں، غیر ملکی کرنسی بھیجنے پر کارروائی ہوگی

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) نے ملک میں اوکٹا ایف ایکس اور ایزی فاریکس جیسے فاریکس ٹریڈنگ پلیٹ فارم کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ یہ پلیٹ فارمز مرکزی بینک اور سیکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے ریگولیٹڈ نہیں ہیں۔ رپورٹ کے مطابق یوٹیوب اور سوشل میڈیا کی دیگر ویب سائٹس ان ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے اشتہارات سے بھری ہوئی ہیں، انہوں نے اپنی خدمات کو فروغ دینے کے لیے بہت سے انفلوئینسرز کو بھی اعتماد میں لیا ہوا ہے، جس کے نتیجے میں زیادہ سے زیادہ پاکستانی ان ٹریڈنگ پلیٹ فارمز پر انحصار کررہے ہیں اور آمدن کا ذریعہ سمجھ رہے ہیں۔ ایس بی پی نے اپنے بیان میں کہا کہ انہوں نے اس بات پر غور کیا ہے کہ متعدد آف شور فارن ایکسچینج ٹریڈنگ ویب سائٹس، موبائل ایپلیکیشن، اوکٹا ایف ایکس اور ایزی فاریکس جیسے پلیٹ فارم کی تعداد میں اضافہ ہوگیا ہے جو پاکستان کے شہریوں کو اپنی مصنوعات اور خدمات فراہم کررہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 'یہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم شہریوں کو سوشل میڈیا یا اشتہارات کے ذریعے للچاتے ہیں کہ وہ ان کی سروسز اور مصنوعات خریدیں اور اس میں سرمایہ کاری کریں'۔ بینک کے مطابق مثال کے طور پر اس طرح کی مصنوعات میں فارن ایکسچینج ٹریڈنگ، مارجن ٹریڈنگ، کانٹیکٹ آف ڈیفرینسز وغیرہ شامل ہیں لیکن یہ صرف ان تک محدود نہیں ہیں۔ بینک کا کہنا تھا کہ 'عوام کے مفاد کے لیے واضح کیا جاتا ہے کہ پاکستان میں مقیم کسی بھی شخص کی جانب سے مذکورہ پلیٹ فارمز کے ذریعے پیش کی جانے والی مصنوعات اور خدمات کو خریدنا ممنوع اور ملکی قوانین کے خلاف ہے'۔ ایسے آف شور پلیٹ فارمز سے مصنوعات یا خدمات خریدنے والے اور ادائیگی کے کسی بھی ذریعے سے براہ راست یا بالواسطہ غیر ملکی کرنسی بھیجنے والے افراد کے خلاف فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ 1947 (ایف ایکس آر اے) کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ مرکزی بینک نے مجاز ڈیلرز کو بھی مشورہ دیا کہ وہ ایف ای آر اے کی تعمیل کریں اور اپنے صارفین کے ذریعے ایسے تمام تجارتی پلیٹ فارمز پر ادائیگیوں کو روکنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں۔

## روزمرہ کی اشیاء لگژری آیٹم نہیں ہوتیں' امپورٹرز ایسوسی ایشن

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ملک بھر کے اشیائے خوردونوش کے درآمد کنندگان نے واضح اعلان کیا ہے کہ روزمرہ ضرورت کی اشیاء لگژری نہیں ہوتیں۔ 19 مئی کے وزارت تجارت کے ایس آر او 598 (ون) 2022ء سے ہزاروں بزنس بند ہو جائینگے' لاکھوں پاکستانی بیروزگار ہونگے۔ فاسٹ موونگ کنزیومر گڈز کی امپورٹ پر حکومت پاکستان نے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں بزعم خود کمی کیلئے لگژری اشیاء کی درآمد پر جو پابندیاں لگانے کا فیصلہ کیا ہے' اسے واپس لیا جائے۔ اسکی بجائے ملک کے اندر ایک ملین سے زائد سرکاری' نیم سرکاری گاڑیوں کے فضول استعمال کو روک کر حکومت کو پٹرولیم کی امپورٹ پر سالانہ کروڑوں ڈالرز کی بچت کرنی چاہیئے۔

## درآمدی اشیا پر پابندی کا اطلاق 19 مئی کے بعد ہوگا

کراچی (بزنس ڈیسک) وزارت تجارت نے واضح کیا ہے کہ SRO 598(I)/2022 کے تحت پابندیاں ان درآمدات پر لاگو نہیں ہوں گی، جہاں بل آف لیڈنگ (B/L) یا لیٹر آف کریڈٹ (L/C) 19 مئی یا اس سے قبل جاری کیا گیا ہے۔ SRO598(1)/2022 کا نوٹیفکیشن مورخہ 19.05.2022۔ موجودہ مالی سال 22 کے پہلے 10 ماہ کے دوران کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں اضافے کے نتیجے میں ملک میں ادائیگیوں کے توازن کی صورت حال سے نمٹنے کے لیے، بعض لگژری اور غیر ضروری اشیاء کی درآمد پر پابندی لگا دی گئی ہے۔ SRO 598(I)12022 مورخہ 19 مئی 2022 کے ذریعے۔ مذکورہ ایس آر او کے نفاذ کے حوالے سے بعض کاروباری حلقوں کے خدشات کو دور کرنے کے لیے، وزارت تجارت نے واضح کیا کہ امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 کے پیراگراف 4 کی شرائط کے مطابق، وہ درآمدات جہاں بل آف لیڈنگ یا لیٹر آف کریڈٹ (L/C) SRO 598(1)/2022 مورخہ 19.05.2022 کے نوٹیفکیشن سے پہلے جاری یا قائم کیا گیا تھا SRO کے آپریشن سے مستثنیٰ ہوگا۔ لہذا، درآمد شدہ سامان جن مذکورہ ایس آر او پر اطلاق نہیں ہوگا۔

## اسٹیٹ بینک، مئی مانیٹری پالیسی، 2 ماہ کیلئے شرح سود میں اضافہ، 13.75 فیصد ہوگئی

کراچی، اسلام آباد، لاہور (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کردیا ، 2 ماہ کیلئے شرح سود میں ڈیڑھ فیصد اضافہ ہوگا جس سے مہنگائی میں اضافے کا خدشہ ہے، اعلامیے کے مطابق عالمی سطح پر روس یوکرین تنازعے ، چین میں کووڈ کی نئی لہر کے سبب رسدی تعطل پیدا ہوا ، دنیا کے مرکزی بینکوں کو اچانک کئی سال پر محیط بلند مہنگائی ، دشوار منظرنامے کا سامنا ہے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 13.779 ارب ڈالر جبکہ شرح نمو 97.5 فیصد رہنے کا امکان ہے، مرکزی بینک نے IMF مذاکرات جاری رکھنے کا مشورہ اور فیول ، الیکٹرک سبسڈی واپس لینے کی تجویز دی ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق زری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی (نے شرح سود 150 بیسس پوائنٹس (ڈیڑھ فیصد( بڑھا کر 13.75 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے، شرح سود بڑھانے سے نمو 3.5 سے 4.5 فیصد ہوجائے گی، اسٹیٹ بینک کے مطابق مانیٹری اور اقتصادی پالیسی سے طلب کو پائیدار کرنا ہوگا، مالی سال 2022 کی نمو مضبوط ہے، اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ رواں مالی سال کی اقتصادی پالیسی، توانائی سبسڈی پیکیج سے طلب بڑھی ہے، پالیسی تاخیر کی بے یقینی شرح تبادلہ پر اثرانداز ہورہی ہے، پاکستانی معیشت کوویڈ کے بعد توقعات سے زیادہ تیزی سے بڑھی، گزشتہ سال معیشت 5.7 فیصد رہی، رواں سال معیشت 5.97 فیصد سالانہ شرح سے بڑھ رہی ہے، اسٹیٹ بینک کے مطابق مہنگائی جزوقتی بڑھے گی، آئندہ مالی سال میں بھی بلند رہے گی، مالی سال 2024 تک مہنگائی کی شرح 5 سے 7 فیصد ہوجائے گی، مہنگائی عالمی اجناس کی قیمتیں، مقامی طلب، مالی اخراجات کم کرنے سے ہوگی، ایکسپورٹ ریفائنسنگ اور لمبے عرصے کی فنڈنگ پر شرح سود بڑھائی گئی ہے ، آخری اجلاس کے بعد بھی ڈیمانڈ کے اعشاریے بلند ہیں ، پٹرولیم مصنوعات ، گاڑیوں کی فروخت، بجلی پیداوار اور خدمات پر سیلز ٹیکس وصولی بلند ہے۔ ایم پی سی کے پچھلے اجلاس کے بعد عبوری تخمینوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ نمو توقع سے کہیں زیادہ ہے ، اس دوران بیرونی دباؤ بلند ہے اور ملک کے اندر پیدا ہونے والے اور بین الاقوامی عوامل دونوں کے باعث مہنگائی کا منظرنامہ بگڑ گیا ہے، ملکی سطح پر اس سال ایک توسیعی مالیاتی موقف نے، جو توانائی کی سبسڈی کے پیکیج کی وجہ سے مزید ابتر ہوگیا، طلب کو ہوا دی ہے اور پالیسی کی مسلسل غیر یقینی نے شرح مبادلہ پر دباؤ میں اضافہ کردیا ہے، معیشت کووڈ کے بعد مالی سال میں 0.9 فیصد سکڑنے کے بعد توقع سے زیادہ تیزی سے بحال ہوئی ، اس نے پچھلے سال 5.7 فیصد نمو پائی اور اس سال عبوری تخمینے کے مطابق بڑھ کر 5.97 فیصد ہوجائے گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آرٹ کارڈ و پیپر، کاربن لیس، بلیچ بورڈ، مقامی و درآمدی آفسیٹ پیپر، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مزید تیزی دیکھی گئی اور 25 مئی 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ، ریئل اور پنڈو ڈیلی، مقامی بلیچ بورڈ ایلیگینٹ سنچری، درآمدی آفسیٹ آئی کے اور ریل کٹ، مقامی آفسیٹ پیپر، فلائنگ ،فلائنگ ہائی فنش، کراؤن اور چناب، پنڈو آرٹ کارڈ، کلر بریف کارڈ، آرٹ پیپر جاپان، گرافک بورڈ ساوی برائٹ، اسٹیکر پیپر ویریٹیک، یونگی چائنا، اکنا انڈونیشیا، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک چائنا، وائی ایم سی چائنا، نیکسز پرو چائنا، لیبل ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوڑدو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 360 روپے سے بڑھ کر 378 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کلر بریف کارڈ جنگکار برانڈ پنڈو ڈیلی 21x27 سائز 120 گرام، 22x28 سائز 150 گرام، 22x28 سائز 180 گرام، 300 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 300 روپے سے بڑھ کر 340 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 2700 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے، 18x23 سائز 2700 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ گرافک بورڈ ساوی برائٹ 23x36 سائز 290 گرام، 370 روپے سے بڑھ کر اور 25x36 سائز 290 گرام، 370 روپے سے بڑھ کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 343 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 342 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 338 روپے سے بڑھ کر 345 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی بلیچ بورڈ ایلیگینٹ سنچری کی 215 اور زائد گرام کی ریلز اور شیٹس 330 روپے سے بڑھ کر 335 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 360 روپے سے بڑھ کر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 350 روپے سے بڑھ کر 360 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 68 گرام، 198 روپے سے بڑھ کر 215 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش تمام سائز 70 گرام، 230 روپے سے بڑھ کر 240 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام، 200 روپے سے بڑھ کر 215 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تمام سائز 53 گرام، 160 روپے سے بڑھ کر 185 روپے، تمام سائز 60 گرام، 170 روپے سے بڑھ کر 195 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 880 روپے سے بڑھ کر 950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 890 روپے سے بڑھ کر 960 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1020 روپے سے بڑھ کر 1080 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 0 89 روپے سے بڑھ کر 965 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 860 روپے سے بڑھ کر 940 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 980 روپے سے بڑھ کر 1020 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 900 روپے سے بڑھ کر 980 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1050 روپے سے بڑھ کر 1150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 875 روپے سے بڑھ کر 940 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیپلز آسٹریلیا 75 گرام، 800 روپے سے بڑھ کر 850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 3700 روپے سے بڑھ کر 3750 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 2800 روپے سے بڑھ کر 2870 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر اکنا برانڈ انڈونیشیا، 20x30 سائز، 3100 روپے سے بڑھ کر 3150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2850 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2750 روپے سے بڑھ کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 2700 روپے سے بڑھ کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2725 روپے سے بڑھ کر 2850 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2850 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# پلاسٹک پرنٹنگ و پیکجنگ کی تین روزہ نمائش 26 مئی سے شروع ہوگی

لاہور (بزنس ڈیسک) تھری پی پاکستان کی تین روزہ نمائش 26 سے 28 مئی 2022 تک ایکسپو سنٹر میں منعقد کی جارہی ہے۔ تھری پی پاکستان پلاسٹک پرنٹنگ اور پیکجنگ کی نمائش کیلئے ملک کا واحد اور منفرد پلیٹ فارم ہے جو ان تینوں شعبہ جات سے منسلک صنعت کاروں، مینوفیکچررز، سپلائرز اور تاجروں کو جدید ترین مصنوعات کی طرف راغب کرتی ہے۔ نمائش کا افتتاح 26 مئی کو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری کے صدر عرفان اقبال شیخ کریں گے۔ تین روزہ نمائش میں آسٹریا، چین، جرمنی، اٹلی سنگاپور، سوئٹزرلینڈ سمیت 10 ممالک کی 150 سے زائد کمپنیاں حصہ لیں گی۔ فیکٹ ایگزیبیشنز کے سی ای او سلیم خان تنولی نے کہا ہے کہ تھری پی پاکستان کی نمائش پلاسٹک پرنٹنگ اور پیکجنگ کیلئے جدید ٹیکنالوجی متعارف کرانے کیساتھ ساتھ اس صنعت کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔ گزشتہ 15 نمائشیں اس امر کی گواہ ہیں کہ پلاسٹک صنعت نے دنیا بھر میں اپنا ایک خاص مقام بنایا ہے۔ 6500 پروسیسنگ یونٹس کیساتھ جنوبی ایشیاء کی پلاسٹک انڈسٹری میں پاکستان دوسرے نمبر پر ہے۔ کراچی، لاہور، گوجرانوالہ، پشاور، فیصل آباد، حیدرآباد اور راولپنڈی پلاسٹک کی صنعت کے اہم مراکز ہیں۔

# 10 جون کا بجٹ کاروبار دوست ہوگا، مفتاح اسماعیل

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ 10 جون کو پیش کیا جانے والا بجٹ کاروبار دوست ہوگا اور معیشت میں کاروبار اور برآمدات کے فروغ کے لئے حکومت کردار ادا کرے گی۔ وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل کے ساتھ انڈس موٹر کمپنی کے نائب چیئرمین شینی یاناگی اور سی ای او علی اصغر جمالی نے ملاقات کی۔ شینی یاناگی اور علی اصغر جمالی نے وزیرخزانہ کو انڈس موٹر کمپنی کی کارکردگی اور پاکستان کے ریونیو میں کردار سے آگاہ کیا۔ انہوں نے آئندہ مالی سال کے بجٹ کے لئے وزیرخزانہ کو بجٹ تجاویز بھی پیش کیں۔ انہوں نے گاڑیوں کی صارفین کے لئے قیمتوں اور فروخت کی سطح کو برقرار رکھنے کے لئے آٹو انڈسٹری کے لئے بجٹ میں حکومت سے حمایت کے لئے استدعا کی۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ حکومت کاروباری برادری کی مشکلات کے ازالے اور ملک میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لئے پرعزم ہے اور سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کو کاروبار دوست ماحول فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ مالی سال کا بجٹ کاروبار دوست ہوگا اور حکومت معیشت میں کاروبار اور برآمدات کے فروغ کے لئے کردار ادا کرے گی۔ وزیرخزانہ نے عہدیداران کو مکمل تعاون اور حمایت کی یقین دہانی کرائی۔ معلوم ہوا ہے کہ آئندہ مالی سال 2022-23 کا وفاقی بجٹ 10 جون بروز جمعہ کو قومی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے 10 جون کو وفاقی بجٹ قومی اسمبلی میں پیش کرنے کی منظوری دے دی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# جنوری۔مارچ 2022: پنڈو گولڈن کوئنز میں 30 روپے اور بریف کارڈ میں 40 روپے فی کلو اضافہ

## بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں بھی تیزی رہی، ننگبو اور پنڈو ڈیلی میں 24 روپے کلو اضافہ، چینمنگ میں 25 اور ریئل میں 22 روپے کلو اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کی پہلی سہ ماہی میں پنڈو آرٹ کارڈ انڈونیشیا اور چائنا کے بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ کے درآمد کنندگان کے لئے کاروباری لحاظ سے بہت بہتر رہی۔ گولڈن کوئنز برانڈ آرٹ کارڈ انڈونیشیا کی قیمتوں میں 30 روپے فی کلو کا ریکارڈ اضافہ ہوا جو 290 سے بڑھ کر 320 روپے فی کلو تک پہنچ گئی۔ چائنا کے آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار میں بھی پہلی سہ ماہی میں 25 روپے فی کلو کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا تھا جس کی قیمتیں 305 روپے سے بڑھ کر 330 روپے کلو تک پہنچ گئیں۔ جبکہ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ قیمتوں میں پہلی سہ ماہی میں مجموعی طور پر 24 روپے کلو کا اضافہ ہوا۔ چین منگ برانڈ کی قیمتوں میں 25 روپے فی کلو اضافہ ہوا۔ پنڈو ڈیلی کے بلیچ بورڈ کی قیمتیں 24 روپے اضافے کے بعد 286 سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہو گئیں۔

2021 کی چوتھی سہ ماہی اکتوبر۔دسمبر 2021 میں پنڈو گولڈ کوئنز میں 8 روپے فی کلو کی کمی ہوئی تھی جو 293 روپے سے کم ہو کر 285 روپے کلو ہو گئیں تھیں جبکہ جاپان آرٹ کارڈ میں 10 روپے فی کلو اضافہ ہوا تھا۔ بریف کارڈ کی قیمتیں 70 روپے کلو تک بڑھ گئی تھیں، کلر بریف کارڈ میں 50 روپے کلو کا اضافہ ہوا تھا۔ بلیچ بورڈ میں ننگبو گولڈ میں 4 روپے کلو کی کمی ہوئی تھی جبکہ پنڈو ڈیلی میں 8 روپے اور ریئل میں 3 روپے کلو کا اضافہ ہوا تھا۔

ذیل میں یکم جنوری تا 25 مارچ 2022 کے دوران ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' کے 13 ہفتوں میں شائع ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ دیا جارہا ہے۔

Prices Trend in Jan-Mar-2022 (Per Kg Rates)

Imported **BLEACH BOARD China** and Indonesia

| NINGBO GOLD Size | Gram | JANUARY-2022 | | | | | FEBRUARY-2022 | | | | MARCH-2022 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
